جمعہ 6/اپریل 2007ء

احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 6/اپریل 2007ء 17 ربیع الاول 1428 ہجری 6 شہادت 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 74

نیک بندوں سے سلوک

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں اپنے نیک بندوں کے ساتھ ویسا ہی سلوک کرتا ہوں جیسا کہ وہ مجھ سے توقع کرتے ہیں۔

(صحیح بخاری کتاب التوحید باب ویحذر کم اللّٰہ حدیث نمبر:6856)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خدا تعالیٰ تو چاہتا ہے کہ تم اس کے حضور پاک دل لے کر آ جاؤ۔ صرف شرط اتنی ہے کہ اس کے مناسب حال اپنے آپ کو بناؤ۔ اور وہ سچی تبدیلی جو خدا تعالیٰ کے حضور جانے کے قابل بنا دیتی ہے، اپنے اندر کر کے دکھاؤ۔ میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ میں عجیب در عجیب قدرتیں ہیں اور اس میں لا انتہا فضل و برکات ہیں، مگر ان کے دیکھنے اور پانے کے لئے محبت کی آنکھ پیدا کرو۔ اگر سچی محبت ہو تو خدا تعالیٰ بہت دعائیں سنتا ہے اور تائیدیں کرتا ہے۔ لیکن شرط یہی ہے کہ محبت اور اخلاص خدا تعالیٰ سے ہو۔

خدا کی محبت ایک ایسی شے ہے جو انسان کی سفلی زندگی کو جلا کر اسے ایک نیا اور مصفّٰی انسان بنا دیتی ہے۔ اس وقت وہ وہ کچھ دیکھتا ہے جو پہلے نہیں دیکھتا تھا اور وہ وہ کچھ سنتا ہے جو پہلے نہیں سنتا تھا۔ (ملفوظات جلد اول ص 234)

سب سے اول تو ضروری یہ بات ہے کہ اللہ تعالیٰ کے وجود پر یقین پیدا ہو۔ اس کے بعد روح میں خود ایک جذب پیدا ہو جاتا ہے۔ جو خود بخود اللہ تعالیٰ کی طرف کھچی چلی آتی ہے۔ جس جس قدر معرفت اور بصیرت بڑھے گی۔ اسی قدر لذت اور سرور بڑھتا جائے گا۔ معرفت کے بغیر تو کبھی لذت پیدا نہیں ہو سکتی۔ ذوق شوق کا اصل مبداء تو معرفت ہی ہے۔

معرفت ہی ایک شے ہے جس سے محبت پیدا ہوتی ہے۔ معرفت اور محبت کے اجتماع سے جو نتیجہ پیدا ہوتا ہے، وہ سرور ہوتا ہے۔ یاد رکھو کہ کسی خوبصورتی کا محض دیکھ لینا ہی تو محبت پیدا نہیں کر سکتا، جب تک اس کے متعلق معرفت نہ ہو۔ یقیناً سمجھو کہ محبت بدوں معرفت کے محال ہے۔ جو محبوب ہے اس کی معرفت کے بغیر محبت کیا؟ یہ ایک خیالی بات ہے۔ بہت سے لوگ ہیں جو ایک عاجز انسان کو خدا سمجھ لیتے ہیں۔ بھلا وہ خدا میں کیا لذت پا سکتے ہیں۔

............جس جس قدر معرفت اور بصیرت بڑھتی جاوے گی، اسی قدر محبت میں ترقی ہوتی جائے گی۔ یاد رکھنا چاہئے کہ محبت بدوں معرفت کے ترقی پذیر نہیں ہو سکتی۔ دیکھو انسان ٹین یا لوہے کے ساتھ اس قدر محبت نہیں کرتا جس قدر تانبے کے ساتھ کرتا ہے۔ پھر تانبے کو اس قدر عزیز نہیں رکھتا جتنا چاندی کو رکھتا ہے اور سونے کو اس سے بھی زیادہ محبوب رکھتا ہے اور ہیرے اور دیگر جواہرات کو اور بھی عزیز رکھتا ہے۔ اس کی وجہ کیا ہے؟ یہی کہ اس کو ایک معرفت ان دھاتوں کی بابت ملتی ہے۔ جو اس کی محبت کو بڑھاتی ہے۔ پس اصل بات یہی ہے کہ محبت میں ترقی اور قدر و قیمت میں زیادتی کی وجہ معرفت ہی ہے۔ اس سے پیشتر کہ انسان سرور اور لذت کا خواہشمند ہو اس کو ضروری ہے کہ وہ معرفت حاصل کرے، لیکن سب سے ضروری امر جس پر ان سب باتوں کی بنیاد رکھی جاتی ہے، وہ صبر اور حسن ظن ہے۔ جب تک ایک حیران کر دینے والا صبر نہ ہو۔ کچھ بھی نہیں ہو سکتا۔ جب انسان محض حق جوئی کے لئے تھکا نہ دینے والے صبر کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی راہ میں سعی اور مجاہدہ کرتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اپنے وعدہ کے موافق اس پر ہدایت کی راہ کھول دیتا ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 560)

مجلس خدام الاحمدیہ اور انصار اللہ کی ذمہ داری

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

”میں خدام الاحمدیہ اور انصار اللہ دونوں کو توجہ دلاتا ہوں کہ وہ اپنے اپنے حلقہ میں داڑھی کے متعلق خوب پراپیگنڈہ کریں۔ خدام نوجوانوں کو سمجھائیں۔ اور انصار اللہ بڑوں کو سمجھائیں۔ اور یہ کوشش کی جائے کہ جو شخص داڑھی منڈواتا ہے۔ وہ خشخشی داڑھی رکھے۔ اور جو خشخشی داڑھی رکھتا ہے وہ ایک انچ یا آدھ انچ بڑھائے۔ پھر ترقی کرتے کرتے سب کی داڑھی حقیقی داڑھی ہو جائے“۔

(الفضل مورخہ 21-فروری 1945ء)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے مختلف بیماریوں سے بچنے کیلئے پانی ابال کر پینے کی تاکید فرمائی ہے۔

احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن کا کنونشن

تمام احمدی میڈیکل پروفیشنلز (میڈیکل و ڈینٹل ڈاکٹرز و سٹوڈنٹس) کی آگاہی کیلئے اعلان کیا جاتا ہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی منظوری سے احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن پاکستان کا پہلا کنونشن آڈیٹوریم طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں 8-اپریل 2007ء بروز اتوار کروایا جا رہا ہے۔ رجسٹریشن صبح 8 بجے شروع ہو گی۔ تمام میڈیکل پروفیشنلز سے گزارش ہے کہ وہ فوری طور پر سیکرٹری ایسوسی ایشن کو اپنے کوائف مع پتہ و فون نمبرز سے مطلع کریں۔ تا کہ ان کو دعوت نامے بھجوا سکیں۔ نیز اپنی تجاویز و مشورے مندرجہ ذیل پتہ پر روانہ کریں۔

ڈاکٹر سلطان احمد مبشر (سیکرٹری ایسوسی ایشن)
فضل عمر ہسپتال ربوہ فون: 047-6211373
6213970,6213909,6215646
فیکس: 047-6212659
ای میل: amapak@gmail.com
(سیکرٹری احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن پاکستان)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 428)

محبتوں کا عالمی سفیر

حضرت مصلح موعود کے قلم مبارک سے ایک چشمدید واقعہ جس سے عالمی جماعت احمدیہ کے ماٹو ''محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں'' کی ایک بے مثال شہادت ہمارے سامنے آتی ہے۔

''میں چھوٹا تھا مگر مجھے مندرجہ ذیل واقعہ اچھی طرح یاد ہے اور اس لئے بھی وہ واقعہ اچھی طرح یاد ہے کہ اس کے متعلق مجھے بھی اللہ تعالیٰ نے قبل از وقت رویا کے ذریعہ خبر دی تھی۔ ایک دن ہم سکول سے واپس آئے تو احمدیوں کے چہروں پر ملال کے آثار تھے۔ گول کمرہ اور دفتر محاسب کے درمیان جہاں بیت کا دروازہ ہے ہم نے دیکھا کہ ہمارے بعض چچاؤں نے وہاں دیوار کھینچ دی ہے اس لئے ہم اندر سے ہو کر گھر پہنچے اور معلوم ہوا کہ یہ دیوار اس لئے کھینچی گئی ہے کہ تا احمدی نماز کے لئے بیت میں نہ آ سکیں۔ حضرت مسیح موعود نے حکم دیا کہ ہاتھ مت اٹھاؤ اور مقدمہ کرو۔ آخر مقدمہ کیا گیا جو خارج ہو گیا اور معلوم ہوا کہ جب تک حضرت مسیح موعود خود نالش نہ کریں گے کامیابی نہ ہو گی۔ آپ کی عادت تھی کہ مقدمہ وغیرہ میں نہ پڑتے مگر یہ چونکہ جماعت کا معاملہ تھا اور دوستوں کو اس دیوار سے بہت تکلیف تھی اس لئے آپ نے فرمایا کہ اچھا میری طرف سے مقدمہ کیا جائے۔ چنانچہ مقدمہ ہوا اور دیوار گرائی گئی۔ فیصلہ سے بہت پہلے میں نے رویا میں دیکھا تھا کہ میں کھڑا ہوں اور وہ دیوار توڑی جا رہی ہے اور حضرت خلیفۃ المسیح الاول بھی پاس ہی کھڑے ہیں اور پھر ایسا ہی ہوا۔ جس دن سرکاری آدمی اسے گرانے آئے عصر کے بعد میں (بیت) والی سیڑھیوں سے اترا عصر کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الاول درس دیا کرتے تھے، سخت بارش آئی اور حضرت خلیفہ اول بھی شاید بارش کی وجہ سے یا یونہی وہاں آ کر کھڑے ہو گئے۔ اس دیوار کی وجہ سے جماعت کو مہینوں یا شاید سالوں تکالیف اٹھانی پڑیں کیونکہ انہیں (بیت) تک پہنچنا مشکل تھا۔ پھر مقدمہ پر ہزاروں روپیہ خرچ ہوا اور عدالت نے فیصلہ کیا کہ خرچ کا کچھ حصہ ہمارے چچاؤں پر ڈالا جائے۔ کئی لوگ غصہ سے کہہ رہے تھے کہ یہ بہت کم ڈالا گیا ہے ان کو تباہ کر دینا چاہئے۔ جب اس ڈگری کے اجراء کا وقت آیا حضرت مسیح موعود گورداسپور میں تھے۔ آپ کو عشاء کے قریب رویا یا الہام کے ذریعہ بتایا گیا کہ یہ بار ان پر بہت زیادہ ہے اور اس کی وجہ سے وہ تکلیف میں ہیں۔ چنانچہ آپ نے فرمایا کہ مجھے رات نیند نہیں آئے گی اسی وقت آدمی بھیجا جائے جو جا کر کہہ دے کہ ہم نے یہ خرچ تمہیں معاف کر دیا ہے۔ مجھے اس معافی کی صورت پوری طرح یاد نہیں کہ آیا سب رقم معاف کر دی تھی یا بعض حصہ۔ بچپن کا واقعہ ہے اس لئے اس کی ساری تفاصیل یاد نہیں رہیں مگر اتنا یاد ہے کہ فرمایا مجھے رات نیند نہیں آئے گی اسی وقت کسی کو بھیج دیا جائے **جو جا کر کہہ دے کہ یہ رقم یا اس کا بعض حصہ جو بھی صورت تھی تم سے وصول نہ کیا جائے گا۔ تو حضرت مسیح موعود کی..........بھی ہمیں یہی بتاتی ہے کہ مومن کا رحم اتنا بڑھا ہوا ہوتا ہے کہ دوسرا خیال بھی نہیں کرسکتا۔''**

(خطبات محمود جلد 17 صفحہ 486-487)

سوشل افیئرز کلب لاہور کا تعزیتی اجلاس

بین الاقوامی سماجی ادارے سوشل افیئرز کلب کے مرکزی چیئرمین مظفر برلاس ایڈووکیٹ کی زیر صدارت نوبیل انعام یافتہ پہلے پاکستانی سائنس دان محترم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب مرحوم کی اہلیہ محترمہ امۃ الحفیظ صاحبہ کی وفات پر ڈیفنس لاہور میں ایک تعزیتی اجلاس منعقد ہوا اس موقع پر چیئرمین مظفر برلاس نے ایک تعزیتی قرارداد پیش کی کہ سوشل افیئرز کلب کے ہم تمام ارکان و عہدیداران مکرم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب مرحوم کی اہلیہ محترمہ امۃ الحفیظ صاحبہ کی وفات پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہیں اور مرحومہ کے خاندان کے تمام افراد سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں اور ہم ان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ محترمہ امۃ الحفیظ صاحبہ کی مغفرت فرمائے۔ ان کے درجات بلند فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ اور مرحومہ کے اہل خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

(نوشیرواں اکرم۔ جنرل سیکرٹری)

نکاح

مکرمہ صبیحہ شاہدہ صاحبہ بنت مکرم مبارک احمد صاحب شاہد چک نمبر 327 مروٹ ضلع بہاولنگر کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرم عدنان احمد ظفر صاحب ابن مکرم سلطان احمد ظفر صاحب ساہیوال مبلغ 5 ہزار پاؤنڈ سٹرلنگ پر مکرم محمود احمد صاحب نے چک 327 مروٹ ضلع بہاولنگر میں کیا۔ احباب جماعت سے اس رشتہ کے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

مکرم چوہدری عبداللطیف صاحب اوورسیئر وفات پا گئے

مکرم عزیز احمد طاہر صاحب ایم اے ناصر آباد شرقی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے والد مکرم چوہدری عبداللطیف صاحب اوورسیئر مورخہ 28 مارچ 2007ء کو مختصر علالت کے بعد بعمر 93 سال وفات پا گئے۔ آپ کی نماز جنازہ مورخہ 29 مارچ 2007ء کو بیت مبارک میں بعد نماز عصر محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے پڑھائی۔ مرحوم موصی تھے چنانچہ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد محترم صاحبزادہ صاحب نے دعا کروائی۔ فروری 1939ء میں آپ نے بیعت کی۔ دسمبر 1945ء میں آپ نے حضرت فضل عمر کی خدمت میں وقف زندگی کیلئے لکھا۔ جنوری 1946ء میں آپ کو قادیان طلب کیا گیا۔ حضرت فضل عمر نے آپ کا وقف منظور کر کے آپ کو باقاعدہ سلسلے کے تعمیراتی کاموں کی نگرانی سپرد کی۔ سب سے پہلا پراجیکٹ جو آپ کے سپرد ہوا وہ قادیان میں تعلیم الاسلام کالج کی دوسری منزل کی تعمیر کا کام تھا۔ اس کے بعد جلد پاکستان بن گیا اور آپ ربوہ آ گئے۔ ربوہ کی تعمیر کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے شہر کی Lay Out کا سارا کام آپ نے کیا۔ نئی کالونیوں کی تعمیر کے وقت بھی اس کام کیلئے آپ نے خدمات سرانجام دیں۔ عملی تعمیرات کے سلسلے میں آپ کو تحریک جدید انجمن احمدیہ کے دفاتر کی تعمیر۔ تحریک جدید کے کچھ کوارٹرز، ایبٹ آباد میں جماعتی عمارات کی تعمیر کی نگرانی کا موقعہ ملا۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 30 مارچ 2007ء کے خطبہ جمعہ میں ان کا ذکر خیر فرمایا اور بعد جمعہ نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ آپ نے اپنے پیچھے پانچ بیٹے اور تین بیٹیاں سوگوار چھوڑی ہیں۔ آپ کی ایک بیٹی کچھ عرصہ قبل وفات پا گئی تھیں ان کے دو بیٹے بھی آپ ہی کے پاس رہتے تھے۔ احباب کرام سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو غریق رحمت کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم سہیل احمد بٹ صاحب محمود آباد کراچی تحریر کرتے ہیں کہ مکرم منور احمد صاحب خادم بیت المحمود، محمود آباد کراچی پر دل کا شدید حملہ ہوا ہے امراض قلب کے قومی ادارہ میں زیر علاج ہیں احباب جماعت سے ان کی مکمل صحت یابی اور بعد کی پیچیدگیوں سے محفوظ رہنے کیلئے درخواست دعا ہے۔

مجلس نابینا ربوہ کا اجلاس

مورخہ 25 مارچ 2007ء کو مجلس نابینا ربوہ نے یوم مسیح موعود و یوم پاکستان کے حوالہ سے خلافت لائبریری میں ایک جلسہ منعقد کیا۔ مکرم حافظ محمد ابراہیم صاحب عابد مربی سلسلہ نے تلاوت کی اور مکرم پروفیسر خلیل احمد صاحب صدر مجلس نابینا ربوہ نے نظم سنائی۔ مکرم سید حنیف احمد شاہ صاحب مربی سلسلہ نے یوم مسیح موعود اور مکرم ریاض محمود صاحب باجوہ مربی سلسلہ نے یوم پاکستان کے موضوع پر تقاریر کیں۔ دعا کے ساتھ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔ تمام شرکاء کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

(محمد الیاس اکبر۔ سیکرٹری اشاعت مجلس نابینا ربوہ)

سانحہ ارتحال

مکرم نصیر الدین احمد صاحب دارالبرکات ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ محترمہ مبارکہ ملک صاحبہ زوجہ مکرم ملک منصور احمد صاحب ریٹائرڈ سیٹلمنٹ کمشنر لاہور مورخہ 30 مارچ 2007ء کو اتفاق ہسپتال لاہور میں بعمر 75 سال انتقال کر گئیں۔ اسی روز بعد نماز عصر بیت النور ماڈل ٹاؤن لاہور میں مکرم طاہر محمود خان صاحب مربی سلسلہ نے نماز جنازہ پڑھائی اور بعد از تدفین دعا بھی مربی صاحب موصوف نے ہی کروائی۔ مرحومہ محترم ملک غلام فرید صاحب مفسر قرآن پاک انگریزی کی بہو تھیں۔ مرحومہ پرہیزگار، تہجد گزار، نمازی اور احمدیت کی شیدائی تھیں۔ مرحومہ نے پسماندگان میں دو بیٹیاں اور ایک بیٹا یادگار چھوڑے ہیں۔ بیٹا مکرم ملک نعمان احمد صاحب مقیم لاہور جبکہ ایک بیٹی امریکہ میں اور دوسری بیٹی شارجہ میں مقیم ہیں۔ احباب سے مرحومہ کے بلندی درجات اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

سانحہ ارتحال

مکرم حمزہ طارق صاحب طاہر آباد غربی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے ماموں مکرم محمد اکمل طاہر صاحب ولد مکرم محمد عالم صاحب بوجہ ہارٹ اٹیک 19 مارچ 2007ء کو سرگودھا میں انتقال کر گئے۔ مرحوم نائب زعیم انصاراللہ مقام حیات سرگودھا تھے۔ اور خدمت خلق کا بھرپور جذبہ رکھتے تھے۔ نہایت سادہ اور پرہیزگار انسان تھے۔ مرحوم نے اپنے پیچھے بیوہ اور دو بیٹے اور ایک بیٹی سوگوار چھوڑے ہیں۔ تمام اہل خانہ کیلئے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنا خاص فضل نازل فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

جماعت احمدیہ سیرالیون کی تربیتی مساعی

ریفریشر کورس

مورخہ 17 نومبر 2006ء کو سیرالیون کے تمام ریجنز سے ائمہ ریفریشر کورس کے لئے فری ٹاؤن احمدیہ جماعت ہیڈ کوارٹر پہنچے۔

ریفریشر کورس کے انعقاد کا اعلان مربیان کی ماہانہ میٹنگ میں کیا گیا تھا۔ مربیان نے دوسرے بعض فرقوں کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں کے بارے میں رپورٹ دی۔ اس بات کی بے حد ضرورت ہے کہ لوگوں میں جماعتی تعلیمات کا بھرپور شعور بیدار کیا جائے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے ایک بڑے ریفریشر کورس کا پروگرام بنایا گیا جس میں ملک کے دور دراز کے علاقوں سے احباب جماعت نے بھرپور شرکت کی۔

ریفریشر کورس کے نگران مکرم خوشی محمد شاکر صاحب مربی سلسلہ لنگی سیرالیون کو مقرر کیا گیا جنہوں نے اس ذمہ داری کو بڑے احسن رنگ میں پورا کیا۔ نماز جمعہ کے بعد مکرم امیر صاحب سیرالیون مولانا سعید الرحمٰن صاحب نے ریفریشر کورس کا باقاعدہ آغاز کیا۔ آپ نے شاملین کو ریفریشر کورس کی غرض وغایت اور اس سے بھرپور استفادہ کرنے کی طرف توجہ دلائی۔

ریفریشر کورس کے دوران بنیادی طور پر تین عناوین پر زور دیا گیا۔ اس کے علاوہ خلافت کے ساتھ تعلق اور اس کی برکات، بنیادی فقہی مسائل سے آگاہی، بنیادی دینی معلومات، جماعت احمدیہ کا مالی نظام اور اس کے علاوہ بعض اور تربیتی عناوین ریفریشر کورس کے دوران لوگوں کے سامنے رکھے گئے۔

ریفریشر کورس میں شاملین کی دلچسپی میں اضافہ کرنے کے لئے بنیادی عناوین پر تین تقریری مقابلے بھی کروائے گئے۔ اس کے علاوہ مقابلہ تلاوت، دینی معلومات بھی کیا گیا۔

ریفریشر کورس کے اختتام سے ایک دن قبل شاملین پکنک میں شامل ہوئے۔ جہاں خدام اماموں کے درمیان دلچسپ فٹ بال میچ ہوا جبکہ وہ امام جو انصار اللہ کے ممبر تھے ان کے درمیان 100 میٹر دوڑ کا مقابلہ ہوا۔ جس میں سب احباب نے بہت دلچسپی کا اظہار کیا۔

ریفریشر کورس کے آخری دن اختتامی خطاب سے قبل محترم امیر صاحب نے کلاس میں شامل ہونے والوں کو سندات دیں اور اول، دوم اور سوم آنے والوں میں انعامات تقسیم کئے۔

اس ریفریشر کورس میں خدا کے فضل سے ملک بھر سے 85 احباب جماعت نے شرکت کی۔ اس طرح یہ ریفریشر کورس مورخہ 23 نومبر 2006ء کو نہایت کامیابی سے اختتام پذیر ہوا۔

ریجنل اجتماع لجنہ اماء اللہ

فری ٹاؤن

سیرالیون میں 10 سالہ خانہ جنگی کی وجہ سے ذیلی تنظیموں کا نظام بھی بری طرح متاثر ہوا ہے۔ 2005ء سے محترم امیر صاحب سیرالیون نے تنظیموں کے ریجنل اجتماعات کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ خدا کے فضل سے احباب جماعت بہت دلچسپی اور شوق سے ان اجتماعات میں شرکت کرتے ہیں۔

انہی اجتماعات کے سلسلہ میں مورخہ 17 دسمبر 2006ء کو فری ٹاؤن کی لجنہ نے اپنا ریجنل اجتماع منعقد کیا۔ اجتماع کے انعقاد سے قبل فری ٹاؤن کی 32 مجالس کو سرکلرز کے ذریعہ اطلاع دی گئی اور انہیں اجتماع کے پروگرام سے مطلع کیا گیا۔ اجتماع سے 3 دن قبل ایک مرتبہ پھر یاد دہانی کا خط تمام مجالس کو بھجوایا گیا۔

17 دسمبر کی صبح ہی لجنہ اماء اللہ کی انتظامیہ نے مشن ہاؤس میں پہنچ کر انتظامات سنبھال لئے۔ اجتماع کا باقاعدہ آغاز صبح ساڑھے دس بجے ہوا۔ جبکہ مختلف مجالس سے لجنہ صبح سویرے ہی جمع ہونا شروع ہو گئی تھیں۔ اس اجتماع میں دوسرے ریجنز سے نمائندہ خواتین نے بھی شرکت کی۔

اجتماع کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جس کے بعد لجنہ نے عہد دہرایا۔ نظم کے بعد مہمانوں کا تعارف کروایا گیا اور اس کے بعد صدر صاحبہ لجنہ محترمہ سیف اللہ موجے صاحبہ نے افتتاحی خطاب کیا۔ افتتاحی خطاب کے بعد مندرجہ ذیل موضوعات پر تقاریر ہوئیں Lumly مجلس کی محترمہ مریم سیسے صاحبہ نے لجنہ کو ان کی ذمہ داریوں کے بارے میں بتایا۔ جبکہ New England جماعت کی محترمہ فاطمۃ موجے صاحبہ نے خلافت کی برکات کے بارے میں تقریر کی۔ مسز سوارے نے آنحضرت ﷺ کے خواتین سے حسن سلوک اور محترمہ کانے صاحبہ نے لباس کے بارے میں دینی تعلیمات سے لجنہ کو روشناس کروایا۔

تقاریر کے بعد دوسرے ریجنز سے آئی ہوئی نمائندہ خواتین نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

دوسرے سیشن میں تلاوت اور نظم کے بعد دینی معلومات، دعاؤں اور یسرنا القرآن پڑھنے کا مقابلہ ہوا اس کے بعد مکرم مولانا سعید الرحمٰن صاحب امیر صاحب سیرالیون نے لجنہ سے خطاب کیا اور ان کے منظم اور کامیاب پروگرام پر انہیں مبارکباد دی اور آئندہ اس قسم کے مزید پروگرامز کرنے کی طرف توجہ دلائی۔

مکرم امیر صاحب کے خطاب کے بعد ریجنل صدر لجنہ محترمہ سلمہ کالون صاحبہ نے لجنہ سے خطاب کیا۔ بعد میں مکرم امیر صاحب سیرالیون کی اہلیہ نے اعزاز پانے والی خواتین اور بچیوں میں انعامات تقسیم کئے۔ آخر پر مکرمہ صفیہ بنگورہ صاحبہ نے شاملین کا شکریہ ادا کیا۔

خدا کے فضل سے اجتماع نہایت کامیاب رہا۔ اجتماع میں شامل ہونے والی خواتین نے سفید لباس پہنے ہوئے تھے اور تقاریر کے دوران فضا نعرہ ہائے تکبیر سے بھی گونجتی رہی۔ اجتماع کے انعقاد سے لجنہ میں ایک خاص جوش اور ولولہ پیدا ہوا ہے۔ اجتماع کی حاضری 431 رہی ہے۔

یک روزہ تربیتی کلاس

لونسر ریجن

مورخہ 16 دسمبر 2006ء کو ریجنل مشنری لونسر ریجن مکرم ضیاء اللہ صاحب نے اپنے ریجن کی جماعتوں کی بنیادی تعلیم و تربیت کیلئے ایک کلاس کا انعقاد کیا۔ جس میں شاملین کو بنیادی تربیتی اور تعلیمی مسائل کے بارے میں آگاہی دی گئی۔

کلاس میں نماز کی ادائیگی کا طریق، وضو کا طریق نداء کا طریق اور دوسرے بنیادی مسائل سکھائے گئے اسی طرح بعض بنیادی اختلافی مسائل پر بھی روشنی ڈالی گئی۔ ہر ایک موضوع کے بارے میں احباب نے سوالات بھی کئے اور ایک الگ مجلس سوال وجواب کا اہتمام بھی کیا گیا۔

اس کلاس میں لونسر کی 4 قریبی جماعتوں نے نمائندگی کی۔ جن میں 2 امام، 3 اساتذہ اور ایک ٹاؤن چیف کے علاوہ 19 خدام نے شرکت کی اس طرح حاضرین کی کل تعداد 25 رہی۔ کلاس کے اختتام پر شاملین کو کھانا پیش کیا گیا۔

یک روزہ سرکٹ کانفرنس مشاکا

مورخہ 15 دسمبر کو مشاکا میں، ایک روزہ سرکٹ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔

نماز جمعہ سے قبل آنے والے اماموں کے درمیان مقابلہ تلاوت اور مقابلہ دینی معلومات کا انعقاد کیا گیا۔ ان مقابلہ جات کے بعد محترم امیر صاحب سیرالیون نے نماز جمعہ پڑھائی اور کھانے کے بعد اس اجلاس کا دوسرا سیشن شروع ہوا جس میں شیخو الفا کروما صاحب سرکٹ مشنری نے ظہور امام مہدی اور اس کے دلائل کے موضوع پر خطاب کیا۔ اس کے بعد محترم امیر صاحب نے بھی اسی موضوع پر مزید روشنی ڈالی۔ شاملین نے تقاریر کے بعد سوالات کئے جن کے جوابات محترم امیر صاحب نے دیئے۔ دعا کے ساتھ یہ کانفرنس اپنے اختتام کو پہنچی۔ اس کانفرنس میں سرکٹ کی 13 جماعتوں کے نمائندگان نے شرکت کی۔

افتتاح جامعہ احمدیہ سیرالیون

خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ مورخہ 6 نومبر 2006ء کو جامعہ احمدیہ سیرالیون کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ الحمدللہ۔ امسال 32 طلباء کے ساتھ پہلی کلاس کا آغاز ہو رہا ہے۔ انشاء اللہ آئندہ سالوں میں تعداد میں مزید اضافہ ہوگا۔

اس سلسلہ میں BO ٹاؤن میں، جہاں جامعہ واقع ہے، سینٹرل بیت میں ایک سادہ اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں علاقے کے معززین BO ڈسٹرکٹ کے چیف امام مختلف تنظیموں کے ریجنل لیڈر، ریجنل مشنریز، احمدیہ سکولز کے پرنسپلز اور احباب جماعت نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ جس کے بعد مہمانوں کا تعارف کروایا گیا۔

اس کے بعد مقررین نے جامعہ احمدیہ کی تاریخ، جامعہ کے اغراض و مقاصد اور ابتدائی مشنریز کی قربانیوں کے بارے میں مختصر طور پر طلباء کو بتایا۔

پرنسپلز کانفرنس

خدا کے فضل سے سیرالیون میں جماعت کے تعلیمی ادارے نہایت اعلیٰ طور پر قومی خدمت میں مصروف ہیں۔ خانہ جنگی کے دوران ہمارے اداروں کو بھی کافی نقصان پہنچا۔ ان کی کارکردگی میں بھی کافی کمی آئی۔ گزشتہ سال سے مکرم امیر صاحب سیرالیون مولانا سعید الرحمٰن صاحب نے سکولوں کو آرگنائز کرنا شروع کیا اور پرنسپلز کی کانفرنسز کا انعقاد شروع کیا گیا۔ یہ اس سلسلہ کی تیسری کانفرنس تھی۔ جس میں ملک بھر سے 32 سکولوں کی نمائندگی میں 26 پرنسپلز نے شرکت کی۔ خدا کے فضل سے اس وقت ملک بھر میں جماعت کے 41 سیکنڈری سکول ہیں۔

میٹنگ میں سکولوں کے تعلیمی معیار کو بلند کرنے کے حوالے سے مختلف پہلوؤں پر بحث کی گئی تاکہ جماعت کے سکولوں کی جو شہرت تعلیمی میدان میں ہوا کرتی تھی اس کو پھر سے زندہ کیا جا سکے۔

اسی طرح سکولوں میں قرآن مجید پڑھانے کے حوالے سے معاملات کا جائزہ لیا گیا۔ کیونکہ ہمارے سکول عربی تعلیم کے حوالے سے مشہور تھے۔ اسی طرح سکول کے بچوں کے یونیفارمز میں دینی لباس کے مطابق تبدیلی کرنے کے حوالے سے بعض امور طے پائے۔

ٹیچرز ریفریشر کورس کینما

2005ء سے سیرالیون میں ریجنل لیول پر احمدیہ سکولز کے عربک ٹیچرز اور ہیڈ ٹیچرز کے ریفریشر کورسز کے انعقاد کا پروگرام شروع کیا گیا تھا۔ اس سلسلہ میں کینما ریجن کے مربی مکرم اقبال احمد منیر صاحب نے کینما ریجن میں قائم احمدیہ سکولز کیلئے ایک ریفریشر کورس کا انعقاد کیا۔ (باقی صفحہ 4 پر)

تقریب تقسیم انعامی سکالرشپس و گولڈ میڈل نظارت تعلیم 2006ء

نظارت تعلیم ہر سال تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے احمدی سٹوڈنٹس کیلئے مندرجہ ذیل انعامی وظائف کی تقسیم کی تقریب کا اہتمام کرتی ہے۔ اس سلسلہ میں مورخہ یکم اپریل 2007ء کو دفتر انصاراللہ پاکستان کے بالائی ہال میں تقریب تقسیم سکالرشپس و گولڈ میڈل سال 2006ء منعقد ہوئی۔ ہال کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ایک حصہ میں مرد اور دوسرے میں خواتین تھیں۔ محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید اور مکرمہ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ پاکستان نے بالترتیب طلباء و طالبات میں انعام تقسیم کئے۔ تلاوت کے بعد محترم سید طاہر احمد صاحب ناظر تعلیم نے رپورٹ پیش کی۔

حسب سابق ان امتحانات سے قبل الفضل، خالد، مصباح اور تشحیذ الاذہان میں ان چاروں سکیموں کے تعارف قواعد وضوابط کے متعلق تفصیلی اعلانات شائع کروائے جاتے رہے۔

تمام بورڈز کے رزلٹ نکلتے ہی نظارت تعلیم کو زیادہ سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے سٹوڈنٹس کے کوائف موصول ہونا شروع ہو گئے۔ ان کوائف کی روشنی میں زیادہ سے زیادہ حاصل کردہ نمبروں کا Update ہر ہفتہ ساتھ ساتھ الفضل میں شائع کروایا جاتا رہا۔

کیٹیگری وائز مندرجہ ذیل تفصیل کے ساتھ درخواستیں موصول ہوئیں۔

1۔ میٹرک کے مقابلہ کیلئے 36 درخواستیں
2۔ انٹرمیڈیٹ کے مقابلہ کیلئے 41 درخواستیں

کل موصولہ درخواستوں کی تعداد 77 تھی۔

ان کل 14 انعامات میں سے 7 انعامات کی طالبات جبکہ 7 انعامات کے طلباء حقدار قرار پائے ہیں۔

(1) میاں محمد صدیق بانی میٹرک سکالرشپ

اس سکیم کے تحت میٹرک کے امتحان میں سائنس و آرٹس ہر دو گروپس میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے احمدی سٹوڈنٹس کو مبلغ دس دس ہزار روپے کے دو انعامات دیئے جاتے ہیں۔ اس سکالر شپ کی تقسیم انعامات کی یہ چوتھی تقریب تھی۔

سائنس گروپ

سائنس گروپ میں پہلی پوزیشن عزیزہ مدیحہ احمد صاحبہ بنت مکرم چوہدری داؤد احمد صاحب آف کھاریاں نے حاصل کی انہوں نے فیڈرل بورڈ اسلام آباد سے 991/1050 نمبر حاصل کئے ہیں اور میاں محمد صدیق بانی سکالرشپ کی حقدار قرار پائیں ان کی بورڈ میں بھی دوسری پوزیشن ہے۔

جنرل گروپ

جنرل گروپ میں پہلی پوزیشن عزیزہ تقیہ سارہ بنت مکرم ڈاکٹر صفی اللہ صاحب آف میانوالی نے حاصل کی۔ انہوں نے فیڈرل بورڈ اسلام آباد سے 939/1050 نمبر حاصل کئے اور میاں محمد صدیق بانی میٹرک سکالرشپ کی حقدار قرار پائیں۔ عزیزہ وقف نو کی مبارک تحریک میں بھی شامل ہے۔

(2) میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل و سکالرشپ انٹرمیڈیٹ

اس سکیم کے تحت انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں تینوں گروپس (یعنی پری انجینئرنگ، پری میڈیکل اور جنرل گروپ) میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے سٹوڈنٹس کو ایک طلائی تمغہ اور مبلغ پچیس ہزار روپے کے تین انعامات دیئے جاتے ہیں۔ اس سکالر شپ کی تقسیم انعامات کی یہ چھٹی تقریب تھی۔

پری انجینئرنگ گروپ

پری انجینئرنگ گروپ میں پہلی پوزیشن عزیزم ذیشان محمود ابن مکرم محمود الرحمن صاحب آف گوجرانوالہ نے حاصل کی۔ انہوں نے گوجرانوالہ بورڈ سے 977/1100 نمبر حاصل کئے اور میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل اور سکالرشپ کے حقدار پائے۔

پری میڈیکل گروپ

پری میڈیکل گروپ میں پہلی پوزیشن عزیزم تیمور خان ابن مکرم نصیر احمد خان صاحب آف ربوہ نے حاصل کی انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 975/1100 نمبر حاصل کئے اور میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل اور سکالرشپ کے حقدار قرار پائے۔ عزیز موصوف وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہیں اور نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ کے طالب علم ہیں۔

جنرل گروپ

جنرل گروپ میں پہلی پوزیشن عزیزہ نائلہ مبشر بنت مکرم مبشر احمد صاحب آف ملتان نے حاصل کی۔ انہوں نے ملتان بورڈ سے 979/1100 نمبر حاصل کئے اور میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل اور سکالرشپ کی حقدار قرار پائیں۔ ان کی بورڈ میں بھی اول پوزیشن ہے۔

(3) صادقہ فضل سکالرشپ

اس سکیم کے تحت انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں پری میڈیکل گروپ اور پری انجینئرنگ گروپ میں دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے سٹوڈنٹ کو اور جنرل گروپ میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے سٹوڈنٹس کو مبلغ بیس بیس ہزار روپے کے پانچ انعامات دیئے جاتے ہیں۔ اس سکالرشپ کی تقسیم انعامات کی یہ تیسری تقریب تھی۔

پری انجینئرنگ گروپ

پری انجینئرنگ گروپ میں دوسری پوزیشن عزیزہ وردہ عزیز بنت مکرم عزیز احمد صاحب آف فیصل آباد نے حاصل کی۔ انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 961/1100 نمبر حاصل کئے اور صادقہ فضل سکالر شپ کی حقدار قرار پائیں۔ فیصل آباد بورڈ (طالبات میں) ان کی اول پوزیشن ہے۔

پری انجینئرنگ گروپ

پری انجینئرنگ گروپ میں تیسری پوزیشن عزیزم علی عمیر ابن مکرم چوہدری ظہیر احمد صاحب آف لاہور نے حاصل کی۔ انہوں نے لاہور بورڈ سے 946/1100 نمبر حاصل کئے اور صادقہ فضل سکالرشپ کے حقدار قرار پائے۔ عزیز موصوف وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہیں۔

پری میڈیکل گروپ

پری میڈیکل گروپ میں دوسری پوزیشن عزیزم محمد رحمٰن ابن مکرم بشارت احمد خان صاحب مرحوم آف ربوہ نے حاصل کی۔ انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 957/1100 نمبر حاصل کئے اور صادقہ فضل سکالر شپ کے حقدار قرار پائے۔ عزیز موصوف بھی وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہیں اور نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ کے طالب علم ہیں۔

پری میڈیکل گروپ

پری میڈیکل گروپ میں تیسری پوزیشن عزیزہ ثمینہ افضل بنت مکرم محمد افضل صاحب آف ٹوبہ ٹیک سنگھ نے حاصل کی۔ انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 952/1100 نمبر حاصل کئے اور صادقہ فضل سکالر شپ کی حقدار قرار پائیں۔

جنرل گروپ

جنرل گروپ میں دوسری پوزیشن عزیزم سہیل احمد ابن مکرم فیاض طاہر صاحب آف ربوہ نے حاصل کی۔ انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 929/1100 نمبر حاصل کئے اور صادقہ فضل سکالرشپ کے حقدار قرار پائے۔ فیصل آباد بورڈ میں ان کی Humanities Group میں دوسری پوزیشن ہے۔ یہ بھی نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ کے طالب علم ہیں۔

(4) خورشید عطاء سکالرشپ

اس سکیم کے تحت انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں ہی، پری میڈیکل گروپ اور پری انجینئرنگ گروپ میں چوتھی پوزیشن حاصل کرنے والے سٹوڈنٹس کو اور جنرل گروپ میں تیسری اور چوتھی پوزیشن پر آنے والے سٹوڈنٹس کو مبلغ پندرہ پندرہ ہزار روپے کے چار انعامات دیئے جاتے ہیں۔ اس سکالرشپ کی تقسیم انعامات کی یہ دوسری تقریب تھی۔

پری انجینئرنگ گروپ

پری انجینئرنگ گروپ میں چوتھی پوزیشن عزیزم اعجاز صادق ابن مکرم یوسف صادق صاحب آف لاہور نے حاصل کی۔ انہوں نے لاہور بورڈ سے 928/1100 نمبر حاصل کئے اور خورشید عطا سکالرشپ کے حقدار قرار پائے۔

پری میڈیکل گروپ

پری میڈیکل گروپ میں چوتھی پوزیشن عزیزہ عزّا انیس بنت مکرم انیس احمد صاحب منصوری آف لاہور نے حاصل کی انہوں نے لاہور بورڈ سے 950/1100 نمبر حاصل کئے اور خورشید عطا سکالر شپ کی حقدار قرار پائیں۔

جنرل گروپ

جنرل گروپ میں تیسری پوزیشن عزیزم طاہر محمود ابن مکرم چوہدری فضل احمد صاحب آف ربوہ نے حاصل کی۔ انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 914/1100 نمبر حاصل کئے اور خورشید عطا سکالرشپ کے حقدار قرار پائے۔ فیصل آباد بورڈ میں جنرل گروپ میں ان کی پہلی پوزیشن ہے۔ عزیز موصوف بھی وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہیں۔

جنرل گروپ

جنرل گروپ میں چوتھی پوزیشن عزیزہ آمنہ طاہر بنت مکرم طاہر احمد صاحب آف ضلع فیصل آباد نے حاصل کی۔ انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 902/1100 نمبر حاصل کئے اور خورشید عطا سکالرشپ کی حقدار قرار پائیں۔

آخر میں محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید نے دعا کروائی اور تقریب اختتام کو پہنچی۔ اللہ تعالیٰ تمام طلباء و طالبات کیلئے یہ اعزازات مبارک کرے اور مزید کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔

(بقیہ صفحہ 3)

اس ریفریشر کورس کے دوران شاملین کو قاعدہ یسرنا القرآن پڑھایا گیا اور قاعدہ پڑھانے کا طریق سکھایا گیا۔ تاکہ وہ مؤثر طور پر سکولوں میں بچوں کو یسرنا القرآن پڑھا سکیں۔ ریفریشر کورس میں ہر صبح نماز تہجد کا بھی انتظام کیا گیا۔ ان تین دنوں میں شاملین کو اختلافی مسائل کے بارے میں بھی آگاہی دی گئی اور جماعت کا بھرپور تعارف کروایا گیا۔

خدا کے فضل سے جماعت کے عقائد سے آگاہی پانے کے بعد 2 اساتذہ نے بیعت کر کے جماعت میں شمولیت اختیار کی۔ اس ریفریشر کورس میں کینیا کے 21 احمدیہ سکولوں سے 55 اساتذہ نے شرکت کی۔

(الفضل انٹرنیشنل 9 فروری 2007ء)

مکرم محمد زکریا ورک صاحب

علم طب (میڈیسن) میں مسلمانوں کی عظیم خدمات

(قسط اول)

طب کے میدان میں مسلمان اطباء اور حکماء نے اس قدر سنہری کارنامے سرانجام دیئے کہ ان کیلئے کئی ہزار صفحات درکار ہونگے۔ مسلمانوں نے علم کی اس اہم اور بنیادی شاخ کے ہررنگارنگ پہلو جیسے سرجری، ذہنی امراض، طب العیون، متعدی امراض، اناٹومی اور فزیالوجی، نفسیاتی امراض، نئے امراض کی شناخت، طبی آلات کی ایجادات، ہسپتالوں کے قیام، ڈاکٹروں کی رجسٹری، ادویاء کا کوالٹی کنٹرول اور نئی ادویاء کی تیاری، طب پر کتابیں، طب میں کیمسٹری کا استعمال، غذا سے امراض کا علاج، میں بے شمار قابل قدر اضافے کئے۔ ایک زمانے میں تشریح الابدان کی ایک عربک، لاطینی ڈکشنری ہوا کرتی تھی جس سے پتہ چلتا تھا کہ لاطینی کے کون سے الفاظ عربی سے ماخوذ ہیں جیسے Nucha اور شریانوں کے نام (Basilic & saphenous)۔

یورپ میں پہلا میڈیکل سکول اٹلی کے شہر سالیرنو (Salerno) میں شروع ہوا تھا۔ شہر کی آب وہوا مریضوں کی صحت یابی کیلئے نہایت اعلیٰ تھی۔ اس کالج میں چونکہ میڈیکل ٹیکسٹ بکس کا فقدان تھا لہٰذا کانس ٹین ٹین (Constantine) جیسے متبحر عالم کو اس کالج کیلئے طبی کتابوں کے تراجم کرنے پر معمور کیا گیا۔ سالرنو کے بعد جو دوسرا میڈیکل کالج یورپ میں شروع ہوا وہ فرانس اور سپین کی سرحد کے قریب شہر مانٹ پئلئیر (Montpellier) میں تھا اس شہر میں عربوں اور یہودیوں کی ایک کثیر تعداد آبادتھی بلکہ بعض مقامی باشندے ایسے بھی تھے جو عربی بڑی روانی سے بولتے تھے اس علمی ماحول میں عرب میڈیسن کا یورپ کی میڈیکل تعلیم اور تربیت پر بہت نمایاں اثر نظر آتا ہے (جیسے ہسپتالوں کی تعمیر اور نظم وضبط) یہودی مترجمین اور مؤلفین نے تربیت طلیطلہ، اشبیلیہ، قرطبہ میں حاصل کی تھی۔ ایک یورپین عالم میرون (Meron) نے کھلے بندوں اعتراف کیا ہے کہ یورپ کے ہسپتالوں میں دمشق میں نورالدین سلجوقی کے شفا خانہ اور قاہرہ میں سلطان منصور قلاؤن کے ہسپتالوں میں مماثلت اور مشابہت کی جھلک صاف صاف نظر آتی ہے۔

اسلامی ممالک میں ہسپتال دس قسم کے ہوتے تھے متحرک شفا خانے (Mobile Clinics) جذامیوں کیلئے شفاخانے، پاگل خانے، نابینا گھر اور یتیم خانے، قید خانے، طبی مراکز، عام شفا خانے (جنزل ہاسپٹل) گشتی شفاخانے (Mobile Dispensaries) فوجی ہسپتال اور ہسپتالوں سے ملحق میڈیکل سکول، بغداد شہر کے ہسپتالوں کے ناموں سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ بڑے اعلیٰ انتظام وانصرام کے تھے۔ عبودی ہسپتال، الرشید شفا خانہ (ہارون الرشید نے تعمیر کرایا) المقتدر شفاخانہ۔ ابن فرات شفاخانہ۔ بدرغلمان شفاخانہ (ثابت بن قرۃ نے تعمیر کرایا) السعیدہ شفاخانہ (سنان بن ثابت نے تعمیر کرایا) ہر ہسپتال کے ساتھ سکول آف میڈیسن، کتب خانہ، فارمیسی، مسجد، پبلک حمام ہوتے تھے۔ قاہرہ کے طولون ہسپتال سے منسلک کتب خانے میں ایک لاکھ کتابیں جمع تھیں۔ جبکہ مستنصریہ مدرسہ میں اسی ہزار کتابیں تھیں۔ مریضوں کے نام لاگ بک میں لکھے جاتے تھے۔ ان کے مرض کی شناخت، علاج اور کھانے کا بھی ریکارڈ رکھا جاتا تھا۔ تمام علاج مفت ہوتا تھا۔ فارمیسی میں تمام ادویاء تیار کی جاتی تھیں۔ عورتوں اور مردوں کیلئے الگ الگ وارڈ ہوتے تھے۔

یہ بات قابل غور ہے کہ سالرنو اور ماؤنٹ پیلیئر کے شہروں کے میڈیکل کالج، ہسپتال، اسلامی سپین اور مصر کے ہسپتالوں کے ماڈل پر بنائے گئے تھے۔ مسلمانوں نے جس منظّم طریق سے ہسپتالوں کا آغاز کیا تھا اس قسم کے ہسپتال یورپ میں سڑاس بورگ (Strasbourg) میں 1500 میں جاری ہوئے۔ یاد رہے کہ اسلامی ہسپتالوں میں طب کے طلباء کو عملی تعلیم (Clinical Instruction) بھی دی جاتی تھی ایسی تعلیم کا رواج یورپ میں 1550 کے بعد شروع ہوا۔ ابتداء میں ان میڈیکل کالجز میں سرجری کروانا عیب سمجھا جاتا تھا بلکہ 1163 میں چرچ کے ایک فرمان کے مطابق سرجری کو طبی نصاب میں شامل کرنے پر پابندی عائد کردی گئی تھی۔ لیکن سرجری کے موضوع پر عربی کتب کے تراجم جب دستیاب ہونا شروع ہو گئے تو اس کو تعلیمی نصاب میں شامل کر دیا گیا۔ یورپ میں میڈیسن کی تعلیم کیلئے تمام نصابی کتب اسلامی سکالرز، طبیبوں، اور معتبر مصنفین کی کتابوں کے تراجم تھے۔ مزید برآں یورپ میں یونیورسٹیاں اٹلی اور سپین میں اسلامی طرز کے مدرسوں پر شروع ہوئی تھیں۔

کتاب فہرست ابن الندیم میں صفحات 693-711 پر 29 مسلمان اطباء کے حالات اور کارناموں کی تفصیل اختصاراً دی گئی ہے۔ ان میں سے چند کا ذکر اگلے صفحات میں کیا جائے گا۔ صفحہ 710 پر ان ہندوستانی کتابوں کی فہرست دی گئی ہے جو طب پر تھیں اور ان کا ترجمہ عربی میں کیا گیا۔ جیسے یحییٰ ابن خالد نے کنکا سے کتاب سوس روتا کا ترجمہ کرنے کو کہا ''کراکا'' کتاب کا ترجمہ عبداللہ ابن علی نے کیا۔ نفشال جس میں ایک سو بیماریوں کا ذکر اور ان کا علاج بیان کیا گیا تھا اس کا ترجمہ کیا گیا۔ رائے پالی نے انڈین سانپوں پر کتاب کا ترجمہ کیا۔

حبیش ابن الحسن (حنین ابن اسحٰق کا بھانجا) نویں صدی میں بغداد کا فزیشن تھا جس نے جالینوس کی تین کتابوں کے تراجم سریانی میں اور 35 کے عربی میں کئے۔ وہ اپنے ماموں حنین کا شاگرد ہونے کے ساتھ ترجمہ کے کام میں اس کا دست راست بھی تھا۔ موسیٰ ابن خالد بھی حنین کے دارالترجمہ سے منسلک تھا جس نے جالینوس کی سولہ کتابوں کے حنین کے سریانی میں کئے ہوئے تراجم سے عربی میں کئے۔

علی ابن ربان الطبری (861) الرازی کا استاد تھا۔ جس نے کتاب فردوس الحکمۃ لکھی۔ کتاب میں فلاسفی زوآلوجی، سائیکالوجی، اسٹرانومی، حمل اور جنین پر اظہار خیال کیا گیا۔ اس کے علاوہ اس نے دین و دانش اور حفظ صحت بھی لکھیں۔ مؤخر الذکر کتاب کا مسودہ بوڈلین لائبریری میں موجود ہے۔ حنین بن اسحٰق (877) کی کتاب تاریخ الاطباء بہت مستند کتاب تھی اس کے علاوہ حنین نے کتاب علل العین، کتاب القرح، کتاب کناش الخف، کتاب الاسنان، کتاب الاغذیہ سپرد قلم کیں۔ اس نے جالینوس کی 130 کتب کا یونانی اور لاطینی سے عربی میں ترجمہ کیا۔ نیز اس کے قابل فرزند اسحٰق ابن حنین نے نوے کتب کے تراجم کئے۔

الکندی (801-866) کو طب سے بڑا لگاؤ تھا۔ اس نے بقراط کی طبی معلومات پر کتاب تحریر کی تھی۔ طب کے موضوع پر اس نے بیس سے زائد کتابیں لکھی تھیں۔ ان کتابوں میں اس نے زیادہ تر معدے کی تکالیف، نقرس (گنٹھیا) بخار کی اقسام، زہر کی سرایت کے اسباب، بلغم سے پیدا ہونے والے امراض اور اچانک موت کی وجہ پر اظہار خیال کیا۔ اس نے جذام پر بھی بحث کی اور دماغی خلیوں کی ساخت اور اس کے ہر حصے کی مخصوص افعال کا بھی تذکرہ کیا۔

یاد رہے کہ ستر سے زیادہ ڈاکٹروں نے 800-1200 کے عرصہ میں سائنس کی اس اہم شاخ میں معرکہ آراء کتب اور رسالہ جات تالیف کئے۔ یہ محض شاخسانہ نہیں بلکہ یہ نادر کتب یورپ کی مختلف مشہور یونیورسٹیوں (جیسے بوڈلین لائبریری آکسفورڈ برٹش لائبریری لندن) میں ابھی تک محفوظ ہیں۔ الرازی کی پچاس کے قریب کتب ابھی تک یورپ کی عملی درسگاہوں میں محفوظ ہیں۔ اس کا علمی شاہکار کتاب الحاوی (بیس جلدوں میں) کا لاطینی ترجمہ کانٹی نینز (Continens) کے عنوان سے کیا گیا۔ (راقم السطور نے 1999ء میں آکسفورڈ کی بوڈلین لائبریری میں اس کا سرسری مطالعہ کیا تھا) چودھویں صدی میں پیرس کی فیکلٹی آف میڈیسن کا مکمل نصاب تین کتابوں، کتاب الحاوی، کتاب المنصوری (Liber Almansoris) اور القانون فی الطب پر مشتمل ہوتا تھا۔ یونیورسٹی آف پیرس کے سکول آف میڈیسن کے وسیع وعریض ہال میں الرازی اور ابن سینا کی پینٹنگ ان کے میڈیسن کی چوٹی کی شخصیات ہونے کے باعث ابھی تک آویزاں ہیں۔

ثابت ابن قرۃ (836-901) کی چیدہ چیدہ طبی تصانیف یہ ہیں۔ کتاب فی النبض۔ کتاب فی اوجاع الکلی والمثانہ۔ الداخرہ فی علم الطب۔ الروضہ فی الطب الکناش (کولیکشن) کتاب فی علم العین۔ کتاب فی الجدری والحصبہ۔ کتاب البطارہ (جانوروں کی میڈیسن پر کتاب)

علی ابن العباس (994 Haly Abbas) جو سلطان عضدالدولہ کا شاہی طبیب تھا، اس نے میڈیسن میں (کتاب المالکی) یعنی کتاب الصنعۃ فی الطب تحریر کی۔ یہ عربی میں میڈیسن کی پہلی کتاب تھی جس کا لاطینی ترجمہ 1127 میں (Liber Regius) کے عنوان سے ہوا۔ قسطنطین دی افریقن کا کیا ہوا ترجمہ پین تجنی (Pantegni) کے عنوان سے 1539 میں طبع ہوا۔ عربی زبان میں یہ کتاب دو جلدوں میں 1294 میں قاہرہ سے بھی منظر عام پر آئی تھی۔ طب میں اس کی دو دریافتیں قابل ذکر ہیں۔

Rudimentary conception of capillary system, proof of the motions of the womb, child does not come out, it is pushed out.

سنان بن ثابت (943) ماہر طبیب اور لائق منتظم تین عباسی خلفاء کا بتیس سال 908-940 تک شاہی طبیب رہا۔ طب میں اس نے جو اصلاحات کیں ان میں سے سب سے اہم بغداد میں (931-932) اطباء کی رجسٹری، امتحان کا طریقہ کار اور میڈیکل پریکٹس کیلئے لائسنس جاری کرنے کا طریقہ تھا۔ اس نے حکم دیا کہ اطباء کا شمار کیا جائے جو کہ ایک ہزار کے قریب تھا۔ اس نے نصاب تعلیم مقرر کیا اور اطباء کا باقاعدہ تحریری اور تقریری امتحان لیا گیا۔ ایک ہزار میں سے جو 800 کامیاب ہوئے ان کو لائسنس جاری کئے گئے۔ کامیاب ہونے والوں کی رجسٹریشن کی گئی اور سرکاری سند (اجازہ) دی گئی۔ لائسنسنگ بورڈ کا انچارج محتسب ہوتا تھا۔ امریکہ کی ہر ریاست میں سنان ابن ثابت کے طریقہ کار کے مطابق سٹیٹ لائسنسگ بورڈ ہیں جو ڈاکٹروں کو لائسنس جاری کرتے ہیں۔ کینیڈا میں بھی ہر صوبہ میں وزارت صحت میں ڈاکٹروں کی رجسٹری کا محکمہ ہوتا ہے۔ فارمیسی میں ادویاء کی جانچ پڑتال کیلئے اس وقت فارماسسٹ مقرر تھے جو کوالٹی کنٹرول اور انسپیکشن کرتے تھے۔ امریکہ میں یہی کام فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن FDA کا محکمہ کرتا ہے۔

عالم اسلام کے بطل جلیل زکریا الرازی (865-923) کی بےنظیر کتاب الحاوی فی الطب بیس جلدوں میں میڈیسن کا انسائیکلو پیڈیا ہے جس کا مسودہ ان کی بہن کے پاس تھا اور جسے ان کی وفات کے بعد ان کے قابل شاگردوں نے مدون کیا۔ یہ کتاب آپ کے نظریات، تجربات، اور خیالات کا

نچوڑ ہے۔ اس کا لاطینی ترجمہ 1279 میں سسلی کے یہودی عالم فراج بن سالم نے کیا۔ یہ کتاب یورپ کے میڈیکل کالجز میں کئی سو سال تک بطور ٹیکسٹ بک پڑھائی جاتی رہی۔ 1486ء میں یہ (Liber dictus Alhavi) کے عنوان سے لاطینی میں پریس کی ایجاد کے بعد زیور طبع سے آراستہ ہوئی۔ 1866ء تک اس کے چالیس ایڈیشن یورپ میں شائع ہو چکے تھے۔ اس کا آخری ایڈیشن وے نس (Venice) سے آخری بار 1542 میں منظر عام پر آیا تھا اس کے متعدد قلمی نسخے برٹش میوزیم، آکسفورڈ، کیمبرج، اسکوریال، استنبول رام پور، مدراس کے کتب خانوں میں موجود ہیں۔

تاجدار سخن زکریا الرازی کی قادرالکلامی، فکر کی تازگی، ندرت فکر، قاری کو اپنے سحر میں جکڑ لیتی ہے۔ اس کی تحریر کا لطف مستقل پڑھنے والے کو اپنی توجہ کے حلقہ میں لئے رہتا ہے۔

مجرب نسخوں پر مشتمل کتاب الجدری والحصبہ چیچک اور خسرہ پر دنیا کی پہلی کتاب ہے جس میں انہوں نے اس کے اسباب کا پتہ لگایا، احتیاط اور علاج دریافت کیا۔ اس کے تراجم لاطینی، فرنچ اور انگریزی میں کئے گئے اس کا پہلا لاطینی ترجمہ 1498 میں وینس سے زیور طبع سے آراستہ ہوا تھا۔ یونانی ترجمہ پیرس سے 1548 میں، فرنچ ترجمہ 1763 میں، انگلش میں 1848 اور جرمن ترجمہ (1911 Ueber die Pocken und die masern) میں لیپ زگ سے شائع ہوا تھا۔ کنگسٹن (کینیڈا) کی کوئینز یونیورسٹی کی میڈیکل لائبریری میں اس کا جرمن اور انگلش ترجمہ موجود ہے جس کا مطالعہ راقم نے کیا ہے۔ ایک درجن زبانوں میں اس عالمانہ کتاب کے 1498-1866 کے عرصہ میں چالیس ایڈیشن منصۂ شہود پر آئے تھے۔

یونانی علوم پر مبنی اس کی کتاب المنصوری کا ترجمہ میلان (اٹلی) سے 1481 میں طبع ہوا۔ اس کا نواں باب مقبول عام تھا جو لیوآن (فرانس) Lyon سے 1490 میں طبع ہوا۔

کتاب منافع الاغذیہ ودفع مضارھا میں غذاؤں کے فوائد اور نقصانات بیان کئے گئے ہیں۔

(5) **کتاب الحصیٰ فی الکلی والمثانہ** گردے اور مثانہ کی پتھری کے متعلق ہے۔

(6) کتاب القولنج کا نام ہی اس کے لکھنے کی وجہ بتلاتا ہے۔

(7) کتاب اوجاع المفاصل نقرس، عرق النساء پر چار صفحے کا رسالہ ہے۔

(8) **مقالہ فی ابدال لادویة** بیس صفحہ کا رسالہ ہے جس میں بتلایا گیا ہے کہ اگر ایک دوا میسر نہ ہو تو اس کی جگہ کونسی استعمال کی جاسکتی ہے۔ فارسی میں اس کا ترجمہ ہو چکا ہے۔

(9) آٹھ صفحہ کا رسالہ **کتاب فی الباہ**۔

(10) **کتاب المدخل الی الطب** میں بحث کی گئی ہے کہ علم طب کیلئے کن علوم کا حاصل کرنا ضروری ہے۔

(11) قرابادین صغیر میں مرکب دواؤں کا بیان ہے۔

(12) کتاب فی التجارب میں تجربات مذکور ہیں جو اس نے مختلف امراض کی شناخت کیلئے کئے۔

(13) کتاب برء الساعۃ میں ان دویاء کا ذکر کیا گیا ہے جن سے ایک گھنٹہ میں علاج کیا جاسکتا ہے۔ اردو میں اس کا ترجمہ لکھنؤ سے شائع ہوا اور فرنچ میں ترجمہ بمعہ عربی شائع ہوا۔

(14) کلام فی الفروق بین الامراض دس صفحے کا رسالہ ہے جس میں متشابہ امراض کی تشخیص کا طریق بیان کیا گیا ہے۔

(15) کتاب طب الملو کی 38 صفحات کے اس رسالہ میں غذا کے ذریعہ امراض کا علاج بیان کیا گیا ہے یہ خاص طور پر امراء اور سلاطین کیلئے مقصود تھی۔

(16) کتاب طب الفقراء کا موضوع یہ ہے کہ جس شہر یا جگہ پر طبیب موجود نہ ہوں تو غریب لوگ معمولی دواؤں اور غذاؤں سے اپنا علاج خود کیسے کر سکتے ہیں۔

(17) سولہ صفحہ کا رسالہ مرشد جس کا اصلی نام الفصول فی الطب ہے، ہر طبیب اس کا مطالعہ کرنا ضروری سمجھتا تھا۔ اس کا ترجمہ 1500 میں وینس اطالوی زبان میں کیا گیا۔

اخلاق حسنہ سے متصف ابوبکر الرازی نے جن موضوعات پر خامہ فرسائی کی وہ یہ ہیں:۔

انفیکشن، چیچک، بچوں کی بیماریاں، نفسیات کا مریض پر اثر، جانوروں کی انتڑیوں سے بنے ٹانکوں سے زخم بند کرنا، بغداد میں ہسپتال تعمیر کرنے کیلئے اس نے تجویز کیا کہ جہاں ہوا میں لٹکا گوشت دیر سے خراب ہو اس مقام پر تعمیر کیا جائے گویا اس نے بیکٹیریا اور انفیکشن کے مابین تعلق نکالا (connection between bacteria and infection) جو کہ طبی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

دقیقہ رس عالم، طبیب، کیمیا دان الرازی کے اشہب قلم سے 184 کتابیں منظر عام پر آئیں۔ البیرونی نے اس کی کتابوں کی فہرست تیار کی جس کے مطابق انہوں نے 56 کتابیں میڈیسن پر، سات نیچرل سائنس پر، دس ریاضی میں، 17 فلاسفی پر، 14 تھیالوجی پر۔ 22 کیمیا پر۔ 6 میٹا فزکس پر اور 12 دیگر عنوانات پر قلم بند کیں۔ ان میں سے چند کتب کے نام یہ ہیں:۔ کتاب کیفیہ الابصار، کتاب الطب الملوکی۔ کتاب الفالج، کتاب اللقوۃ۔ کتاب ہیئت القلب۔

عربوں کے اس جالینوس (The Arabic Galen) نے میڈیسن میں الکحل کا استعمال شروع کیا۔ اس نے الرجی اور امنالوجی (allergy & immunology) پر دنیا کا پہلا رسالہ لکھا۔ اس نے دمہ یا ضیق النفس (allergic asthma) کو دریافت کیا، اس نے الرجی کے بارہ میں کہا کہ یہ وہ عارضہ ہے جو موسم بہار میں گلاب کے پھول سونگھنے پر لاحق ہوتا ہے۔ یوں وہ پہلا طبیب تھا جس نے یہ اکتشاف کیا۔ امریکہ میں اس کو ہے فیور (hay fever) کہتے ہیں۔ عمل جراحی میں اس نے ایک کارآمد آلہ ایجاد کیا جس کا نام نشتر (Seton) ہے۔ اشیاء اور ادویاء کا وزن کرنے کیلئے اس نے میزان طبعی (Hydrostatic balance) ایجاد کیا۔ علم طب میں وہ یقیناً طبیب اعظم کا درجہ رکھتا تھا۔ اگر وہ بیسویں صدی میں پیدا ہوا ہوتا تو یقیناً اس کو میڈیسن کا نوبل انعام دیا جاتا۔

ابوالحسن الطبری (دسویں صدی) نے فلاسفی، نیچرل سائنس، میڈیسن میں خوب نام پیدا کیا۔ وہ رکن الدولہ (932-76) کا شاہی طبیب تھا۔ اس نے معالجات البقراطیہ کتاب لکھی جس میں ہیلتھ میڈیکل تھراپی سائیکو تھراپی پر نئی تھیوریز پیش کیں بجائے روایتی اعتقادات کے۔ اس نے (Itch-mite) کو دریافت کیا۔

ابومنصور الحسن القمری (990 قم، ایران) شیخ حسین عبداللہ علی ابن سینا کا قابل احترام استاد اور سامانید حکمران المنصور کا شاہی طبیب تھا۔ اس کی الغنیٰ والمنیٰ (Book of wealth and wishes) سلطان المنصور کے نام سے معنون تھی یہ تین حصوں میں تقسیم تھی۔ اندرونی بیماریاں، خارجی بیماریاں اور بخار۔

علم طب کی آبرو، فادر آف میڈیسن، شیخ الرئیس بوعلی سینا کی شہرہ آفاق طبی کتاب القانون کا ترجمہ (Canon) کے عنوان سے کیا گیا۔ اس کا پہلا یورپین ایڈیشن 1473 میں شائع ہوا پھر 1475 میں دوبارہ۔ سولہویں صدی میں اس کے سولہ ایڈیشن جاری ہوئے۔ 1650 تک اس کتاب کے متواتر تراجم کثیر تعداد میں شائع ہوتے رہے۔ مورخین کا کہنا ہے کہ دنیا میں طب کے موضوع پر سب سے زیادہ شائع ہونے والی یہی کتاب ہے۔ بعض لوگ اس کی اہمیت کے پیش نظر اس کو میڈیسن کی بائیبل بھی کہتے ہیں۔ یاد رہے کہ 1395 میں پیرس کی فیکلٹی آف میڈیسن میں الرازی اور ابن سینا کی کتابیں ان کا کل نصاب ہوتی تھیں۔ اسی لئے ان کی پورٹریٹ ابھی تک وہاں پر بڑے ہال میں دیوار پر آویزاں ہیں۔ بخارا کے میوزیم میں ابن سینا کے دور کے طبی آلات، اس کے طبی مخطوطات اور اس کی پینٹنگ موجود ہیں۔ علاوہ ازیں الرازی کی ایک ہینڈ پینٹنگ پرنسٹن انسٹیٹیوٹ (نیوجرسی امریکہ) کے چرچ کی کھڑکی پر (Stained Glass) پر آویزاں ہے۔ (عاجز کے پاس اس پینٹنگ کی کمپیوٹر پر بنی رنگین کاپی موجود ہے جس میں عربی حروف میں کتاب الحاوی، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، الرازی، صاف پڑھا جاسکتا ہے، اس نے بائیں ہاتھ میں کتاب الحاوی پکڑی ہوئی ہے۔)

پرنس آف فزیشن بوعلی سینا کی انقلاب آفریں کتاب القانون فی الطب (ایک ملین الفاظ پر مشتمل 14 جلدوں میں) علم طب کی بے نظیر کتاب ہے۔ اس بحرِ ذخّار کی کمیت ہی حیرت انگیز نہیں بلکہ اس کی معنوی کیفیت بھی اتنی ہی گراں بہا ہے۔ اس میں پائے جانے والے ان گنت آبدار موتیوں کا باہر نکال کر لانا ضروری تھا تا کہ دوسری قومیں بھی اس سے متمتع ہوسکیں لہٰذا اس کا لاطینی میں ترجمہ بارہویں صدی میں جیرارڈ آف کریمونا نے لیبر کینونیس (Liber Canonis) کے عنوان سے کیا۔ جو 1544ء پھر 1582ء اور پھر 1595ء میں طبع ہوا۔ پانچ جلدوں میں اس کا عربک ایڈیشن روم سے 1593ء میں شائع ہوا۔ جس سے پتہ چلتا ہے کہ یورپ کی نشاۃ ثانیہ کے دوران بھی یہ کتاب زبردست افادیت کا درجہ رکھتی تھی۔ اس معرکہ آراء تصنیف کے جزوی تراجم میلان سے 1473، وینس سے 1483 پڈوآ سے 1476ء میں شائع ہوئے نیز عبرانی میں ترجمہ نیپلز سے 1491 میں اور جرمن ایڈیشن 1796ء میں Halle کے شہر سے طبع ہوا (9) دنیا کی مختلف زبانوں میں اس کا ترجمہ 87 مرتبہ کیا جاچکا ہے۔

یاد رہے کہ 1200-1700 تک یہ معرکہ آراء کتاب یورپ کے میڈیکل سکولز میں ٹیکسٹ بک کے طور پر پڑھائی جاتی رہی۔ اس کی تصدیق فرانس کی ماؤنٹ پیلئیر (Montpellier) یونیورسٹی کے آرکائیوز میں موجود پوپ کلے مینٹ پنجم (Pope Clement V) کا ایک 1309 کا جاری شدہ فرمان ہے جس کے مطابق القانون 1557 تک یہاں کے نصاب تعلیم میں شامل رہی۔ اسی طرح لوآن یونیورسٹی (Louvan University) کے آرکائیوز میں موجود دستاویزوں سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ سترھویں صدی کے شروع تک یہاں کے پروفیسر صرف الرازی اور ابن سینا کی کتب کو قابل اعتبار اور مستند سمجھتے تھے۔ انیسویں صدی کے آغاز تک یونیورسٹی آف ساربون (Sorbonne) میں طالب علم کو اس وقت تک میڈیکل پریکٹس کا لائسنس نہیں دیا جاتا تھا جب تک کہ اس کو ابن سینا کی القانون پر دسترس نہ حاصل ہو۔

پندرھویں صدی میں القانون کے سولہ ایڈیشن اور سولہویں صدی میں اس کے بیس ایڈیشن شائع ہوئے۔ سترھویں صدی میں اس کے اور بھی ان گنت ایڈیشن منظر عام پر آئے۔ لاطینی اور عبرانی میں اس پر کثیر تعداد میں شرحیں لکھی گئیں۔ یورپی طب کی بنیادیں ابھی تک اس کی تحقیقات پر استوار ہیں۔ ابن سینا کی دیگر مشہور عالم طبی کتابیں یہ ہیں: **کتاب الشفاء، کتاب القولنج کتاب الحواشی علی القانون، کتاب الادویہ القلبیة.**

☆......☆......☆

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 67590 میں منیرہ قدوس

عبدالقدوس اختر قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 3-6-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) طلائی زیور 141 گرام مالیتی اندازاً -/72000 روپے (2) حق مہر ادا شدہ -/75000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/80 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ 1-7-06 سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ منیرہ قدوس۔ گواہ شد نمبر 1 عبدالقدوس اختر خاوند موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالصبور ولد چوہدری عبدالغفور

مسل نمبر 67591 میں اظہر محمود

ولد ابرار احمد قوم.... پیشہ ملازمت عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 15-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیرمنقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1154 یورو ماہوار بصورت تنخواہ + کنڈرگلڈ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ 1-7-06 سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ اظہر محمود۔ گواہ شد نمبر 1 بشارت احمد خان ولد محمد عباس خان۔ گواہ شد نمبر 2 محمد شہزاد سدھو ولد مختار احمد

مسل نمبر 67592 میں مدیحہ ابرار پراچہ

بنت شیخ ابرار احمد پراچہ قوم شیخ پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 9-7-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 یورو ماہوار بصورت سوشل ہیلپ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مدیحہ ابرار پراچہ۔ گواہ شد نمبر 1 شیخ ابرار پراچہ والد موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 شیخ انوار احمد پراچہ ولد شیخ گلزار احمد پراچہ

مسل نمبر 67593 میں عدنان حمید

ولد حمید احمد قوم بٹ پیشہ طالب علم عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 2-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیرمنقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 یورو ماہوار بصورت تنخواہ وجیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عدنان حمید۔ گواہ شد نمبر 1 حمید احمد والد موصی گواہ شد نمبر 2 شعیب احمد ولد محمد شفیع اسلم

مسل نمبر 67594 میں عبدالحمید

ولد چوہدری منظور احمد قوم وینس پیشہ کاروبار عمر 41 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 01-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) پلاٹ برقبہ 1 کنال واقع ناصر آباد ربوہ اندازاً مالیتی -/1500000 روپے (2) گاڑیاں 2 عدد مالیتی -/6800 یورو۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2800 یورو ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عبدالحمید۔ گواہ شد نمبر 1 نعیم احمد منظور وصیت نمبر 23281۔ گواہ شد نمبر 2 ارشد احمد شہباز وصیت نمبر 18969

مسل نمبر 67595 میں خالد بشیر

ولد رانا بشیر احمد (مرحوم) قوم راجپوت پیشہ ملازمت عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 19-8-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) از ترکہ زرعی اراضی ایک ایکڑ واقع چک نمبر 285/D.B. اندازاً مالیتی -/400000 روپے (2) 5 مرلہ پلاٹ واقع چک نمبر 285/D.B. مالیتی -/50000 روپے (3) پلاٹ 10 مرلہ واقع طاہر آباد ربوہ (زیر تصفیہ دارالقضاء) جائیداد نمبر 2 نمبر 3۔ 5 بھائی 2 بہنیں والدہ حصہ دار ہیں اس وقت مجھے -/2000 یورو ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ اور بصورت ٹھیکہ مبلغ -/10000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ خالد بشیر۔ گواہ شد نمبر 1 طارق بٹ احمد ولد منور احمد بٹ۔ گواہ شد نمبر 2 مبشر احمد ساجد ولد شریف احمد

مسل نمبر 67596 میں وحیدہ کوثر

